سوال

(11) دو سو بیگہ زمین کے مالک پر حج فرض ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو سو بیگہ زمین کے مالک پر حج فرض ہے یا نہیں؟ ایسا مقروض جو دو سو بیگہ زمین کو احد مالک ہے، اس پر حج فرض ہے یا نہیں اگر اس پر حج فرض ہے تو زمین بیع کر کے حج کرے یا رہن بھی رکھ سکتا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بسم اللہ الرحمن الرحیم، قرآن مجید میں حج کے لیے مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا، کی شرط ہے اور حدیث میں اس کی تفسیر زاد اور راحلہ کے ساتھ آئی ہے، یعنی خوراک اور سواری کا انتظام ہو سکے، تو اس پر حج فرض خواہ وہ زمین کی آمد سے ہو یا زمین کی فروخت سے یا کسی اور طریق سے، ہاں مروجہ گردو جائز نہیں اور زمین کی آمد کم ہو جس سے گذارہ نہیں چل سکتا، بلکہ تنگی رہتی ہے تو اس صورت میں زمین کا ٹکڑے فروخت کرنے کا بھی حکم نہیں ہے۔ (عبداللہ امرتسری روپڑی، تنظیم اہلحدیث جلد نمبر ۷ شمارہ ۱۳ ص ۵)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 08 ص 41

محدث فتویٰ